**PRESS RELEASE**

For immediate release

March 9, 2026

**SECP Launches Digital UBO Registry to Strengthen Corporate Transparency**

**ISLAMABAD, March 9:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has launched a digital Ultimate Beneficial Ownership (UBO) Registry to strengthen transparency in the corporate sector, improve regulatory oversight, and help prevent the misuse of companies for illegal activities.

Under the new system, companies will be required to disclose information about their Ultimate Beneficial Owners (UBOs), the natural persons who ultimately own or control a company, at the time of incorporation and update this information annually to ensure accuracy.

The registry has been introduced through amendments notified via S.R.O. 1355(I)/2025 under the Companies Regulations, 2024. These amendments require companies to identify and verify their Ultimate Beneficial Owners in accordance with Section 123A of the Companies Act, 2017.

The initiative aims to strengthen Pakistan's corporate governance framework by increasing transparency in ownership structures and enabling regulators to identify the individuals who ultimately control corporate entities. It will also help curb the misuse of companies for unlawful activities and support effective regulatory supervision.

The SECP said the digital registry will enhance corporate accountability, reinforce Pakistan's anti money laundering and counter terrorism financing (AML/CFT) framework, and contribute to building a more transparent and reliable business environment.

The Commission reiterated its commitment to introducing progressive regulatory reforms and digital solutions to improve transparency, facilitate compliance, and strengthen confidence in Pakistan's corporate sector.

**کمپنیوں کی حقیقی ملکیت کا شفاف ریکارڈ؛ ایس ای سی پی نے ڈیجیٹل یو بی او رجسٹری متعارف کرادی**

**اسلام آباد 9 مارچ، 2026:** سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے رجسٹر ہونے والی کمپنیوں کی حقیقی ملکیت کا شفاف ریکارڈ رکھنے کے لیے، ڈیجیٹل الٹی میٹ بینیفیشل اونرشپ (UBO) رجسٹری متعارف کرادی ہے۔ ڈیجیٹل یو بی او رجسٹری کمپنیوں کی ریگولیٹری نگرانی کو مؤثر بنانے اور غیر قانونی مقصد کے لیے کمپنیوں کے استعمال کی روک تھام میں معاون ہو گی۔

کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 123 کے تحت ایس ای سی پی میں رجسٹر تمام کمپنیوں کے لیے لازمی ہے کہ وہ کمپنی کے الٹی میٹ بینیفیشل اونرز (UBOs) یعنی وہ حقیقی فرد یا افراد جو اس کمپنی کے اصل مالک یا اس پر حتمی کنٹرول رکھتے ہیں، کی معلومات ایس ای سی پی فراہم کو فراہم کریں۔ نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیاں یہ معلومات فارم 1 کے ذریعے جبکہ پہلے سے رجسٹر کمپنیاں یہ معلومات فارم 19 کے ذریعے جمع کرواتی ہیں۔ کمپنیوں کی جانب سے ان حقیقی ملکیت کی معلومات یعنی یو بی او فارم جمع کروانے کو آن لائن کر دیا گیا ہے، جبکہ کہ ریکارڈ کا ڈیجیٹل رجسٹری میں موجود ہوتا ہے۔

کمپنیوں کی ملکیت کا شفاف ریکارڈ پاکستان کے کارپوریٹ گورننس فریم ورک کو مزید مستحکم اور شفاف بنانے اور ریگولیٹرز کے لیے ان افراد کی نشاندہی ممکن ہو سکے گی جو در حقیقت کارپوریٹ اداروں کو کنٹرول کرتے ہیں۔

کمیشن کے مطابق اس نظام کے نفاذ سے کمپنیوں کو غیر قانونی سرگرمیوں، منی لانڈرنگ یا دیگر غیر قانونی مقاصد کے لیے استعمال ہونے سے روکنے میں بھی مدد ملے گی اور ریگولیٹری نگرانی کو مزید مؤثر بنایا جا سکے گا۔

ایس ای سی پی کا کہنا ہے کہ ڈیجیٹل یو بی او رجسٹری کارپوریٹ احتساب کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ پاکستان کے اینٹی منی لانڈرنگ اور کاؤنٹر ٹیرر ازم فنانسنگ فریم ورک کو مضبوط کرے گی۔ اس سے ملک میں شفاف اور قابل اعتماد کاروباری ماحول کے قیام میں بھی مدد ملے گی۔

ایس ای سی پی ریگولیٹری اصلاحات اور ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے شفافیت کے فروغ دینے، ریگولیٹری کمپلائنس کو سہل بنانے اور پاکستان کے کارپوریٹ سیکٹر پر سرمایہ کاروں کے اعتماد کو مستحکم بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے گا۔